نیوز ریلیز

نگہداشت صحت پر دوبارہ توجہ: گفتگو کا سلسلہ جاری ہے

09 جنوری 2025 میڈیا استفسارات

البرٹا کے رہائشیوں کو اپنے تاثرات کا اشتراک کرنے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے کیونکہ صوبے کے نگہداشت صحت کے نظام پر دوبارہ توجہ مرکوز کرنے اور بہتریاں لانے کے لیے کام جاری ہے۔

نومبر 2023 میں، حکومت البرٹا نے خدمات کو مضبوط بنانے، مقامی سطح پر فیصلہ سازی کو بااختیار بنانے، صف اول کے کارکنوں کے لیے معاونت کا سلسلہ بڑھانے اور البرٹا کے تمام شہریوں کے لیے صحت کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے نگہداشت صحت کے نظام پر دوبارہ توجہ مرکوز کرنے کے پلانز کا اعلان کیا تھا۔ اس پورے عمل کے دوران، حکومت نے بالمشافہ عوامی سیشنز منعقد کیے اور البرٹا کے رہائشیوں اور نگہداشت صحت کنندگان سے نئے نظام کے بارے میں تاثرات اور رائے جمع کرنے میں مدد کے لیے آن لائن ٹولز کا استعمال کیا۔

البرٹا کی حکومت نئے نظام کو تشکیل دینے کے مقصد کے لیے البرٹا کے رہائشی لوگوں کی بصیرتوں اور تجربات کو استعمال کرنے کے لیے پرعزم ہے اور وہ 21 جنوری سے بالمشافہ عوامی سیشنز سمیت روابط قائم کرنے کا دوسرا مرحلہ منعقد کرے گی۔ البرٹا کے شہریوں کو دوبارہ توجہ مرکوز کرنے کے حالیہ ترین کاموں اور ان کے لیے اس کی اہمیت پر انہیں اپ ڈیٹ کرنے کے علاوہ، یہ سیشنز نگہداشت صحت تک رسائی اور نگہداشت صحت میں مشغول افرادی قوت کے موجودہ تجربات کے بارے میں بھی نقطہ نظر جمع کریں گے اور مقامی سطح پر فیصلہ سازی کو بہتر بنانے کے مواقع کی نشاندہی کریں گے۔

"ابتداء سے ہی، ہم نگہداشت صحت کے ایک ایسے نظام کی تعمیر کے لیے پرعزم ہیں جو البرٹا کے ہر فرد کے لیے کارآمد ہو۔ مکالموں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے، ہم یہ یقینی بنا رہے ہیں کہ ان کے تجربات، نقطہ نظر اور مہارتوں کا عکس ہماری فیصلہ سازی میں عیاں ہو۔

ایڈریانا لا گرینج (Adriana LaGrange)، وزیر برائے صحت

اس مہینے سے آغاز پا کر پورے صوبے میں منعقد ہونے والے بالمشافہ رابطہ سیشنز میں، البرٹا کے تمام شہریوں کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ شیڈول آن لائن حاصل کیا جا سکتا ہے اور اب alberta.ca پر سیشنز کے لیے رجسٹریشن کھل چکی ہے۔

پہلے سیشن کے نتائج جس کا خلاصہ 'جو کچھ ہم نے سنا' (What We Heard) نامی رپورٹ میں درج کیا گیا ہے، اس نے نگہداشت صحت پر دوبارہ توجہ کے نظام کی تشکیل اور نفاذ کی رہنمائی میں مدد کی ہے۔ روابط کے دوسرے مرحلے کے نتائج اس کام کی مزید رہنمائی کریں گے۔

روابط کے پہلے مرحلے کے بعد سے، البرٹا کی حکومت نے صحت کی صوبائی ایجنسیوں یعنی ریکوری البرٹا (Recovery Alberta) اور پرائمری کیئر البرٹا (Primary Care Alberta) کا اجراء کیا ہے، ایکیوٹ کیئر البرٹا (Acute Care Alberta) کا

اعلان کیا ہے، نئے نظام کی جانب منتقلی میں معاونت کے لیے قانونی ترامیم نافذ کی ہیں اور ایک معاون فعال صحت کی صوبائی ایجنسی اور علاقائی مشاورتی کاؤنسلز کے قیام کے لیے کام کا سلسلہ جاری رکھا ہے۔

نگہداشت صحت کے نظام پر دوبارہ توجہ مرکوز کرنے اور روابط کے مواقع سے باخبر رہنے میں دلچسپی رکھنے والے البرٹا کے رہائشی بھی ای نیوز لیٹر کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔

فوری حقائق

- جنوری اور جون 2024 کے درمیان منعقد ہونے والے روابط کے ابتدائی مرحلے میں، صوبے بھر میں 65 بالمشافہ عوامی سیشنز منعقد کیے گئے۔ ان سیشنز میں البرٹا کے تقریباً 3,000 شہری، نگہداشت صحت کے کارکنان، مریضوں اور نگہداشت فراہم کنندگان نے حصہ لیا تھا۔
  - 18,000 سے زائد افراد نے آن لائن ٹولز کے ذریعے بھی اپنی رائے کا اشتراک کیا اور تقریباً 10،000 افراد نے ورچوئل ٹاؤن ہالز میں شرکت کی۔
  - عوامی رابطہ سیشنز کے علاوہ مقامی کمیونٹیز، فرانکوفون کمیونٹی اور صحت کے دیگر اہم شراکت داروں کے ساتھ خصوصی روابط کا انعقاد کیا گیا تھا۔

متعلقہ معلومات

- آن لائن شیڈول اور رجسٹریشن
- جو کچھ ہم نے سنا کی رپورٹ
- البرٹا میں نگہداشت صحت پر دوبارہ توجہ مرکوز کرنا | البرٹا آن لائن روابط
- نگہداشت صحت پر دوبارہ توجہ مرکوز کرنے کا نیوز لیٹر
- ریکوری البرٹا
- پرائمری کیئر البرٹا

متعلقہ خبریں

- صحت کے نظام کو کامیابی کے ساتھ دوبارہ مرکوز کرنے کو یقینی بنانا (18 نومبر 2024)
- بنیادی نگہداشت کے مستقبل کی سمت بندی (15 اکتوبر 2024)
- البرٹا کے رہائشیوں کی رائے نگہداشت صحت پر دوبارہ توجہ مرکوز کرنے میں معاون ہے (11 اکتوبر 2024)

میڈیا استفسارات

جیسی ریمپٹن (Jessi Rampton)

780-427-2137
پریس سیکرٹری، صحت